# اِستبرا

<"xml encoding="UTF-8?>

## اِستبرا

مسئلہ 83: پیشاب کرنے کے بعد اِستبرا ایک مستحب عمل ہے جو مرد پیشاب کرنے کے بعد اس غرض سے انجام دیتے ہیں کہ مکمل طور پر پیشاب اس کی نلی سے خارج ہو جائے اس کی مختلف ترکیبیں ہیں، ان ترکیبوں میں ایک ترکیب یہ ہے کہ پیشاب سے فارغ ہونے کے بعد اگر پاخانے کا مقام نجس ہو گیا ہو، تو پہلے اسے پاک کرے اور پھر تین مرتبہ بائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی کے ذریعہ پاخانے کے مقام سے لے کر عضو تناسل کی جڑ تک سُونتے اور اس کے بعد انگوٹھے کو عضو تناسل کے اوپر اور انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی کو اس کے نیچے رکھے اور تین دفعہ سپاری تک سُونتے اور تین مرتبہ کے بعد آلۂ تناسل کے اوپری حصہ کو فشار دے تاکہ بچے ہوئے پیشاب کے قطرات نکل جائیں لیکن منی کا استبرا یہ ہے کہ منی نکلنے کے بعد پیشاب کرے تاکہ منی کے بقیہ ذرّات خارج ہو جائیں۔

مسئلہ 84: پیشاب اور منی کے علاوہ جو رطوبتیں پیشاب کے مقام سے نکلتی ہیں اس کی تین قسم ہیں:

اوّل: وہ رطوبت جو کبھی شہوت کی وجہ سے مردسے خارج ہوتی ہے اسے مَذی کہتے ہیں۔

دوّم: وہ رطوبت جو کبھی منی کے بعد خارج ہوتی ہے اسے وَذی کہتے ہیں۔

سوّم: وہ رطوبت جو کبھی کبھی پیشاب کے بعد نکلتی ہے اسے وَدی کہتے ہیں یہ تمام رطوبتیں اس صورت میں پاک ہیں جب اپنی جگہ سے نکلنے کے بعد پیشاب اور منی سے آلودہ نہ ہوں۔

پیشاب کے بعد استبرا کرنے کا فائدہ یہ ہے کہ اگر اس نے استبرا کیا ہو اور بعد میں اس سے کوئی رطوبت خارج ہو اور شک کرے کہ وہ پیشاب ہے یا مذکورہ بالا تین رطوبتوں میں کوئی ایک ہے تو وہ مشکوک رطوبت پاک ہے، اور وضو و غسل کو بھی باطل نہیں کرے گی لیکن اگر استبرا نہ کیا ہو تو دوبارہ وضو کرے اور اس کی جگہ کو بھی دھوئے اور اسی طرح منی نکلنے کے بعد استبرا کا فائدہ یہ ہے کہ اگر کوئی مشکوک رطوبت اس سے خارج ہو اور نہیں جانتا کہ منی ہے یا پاک رطوبتوں میں سے کوئی ایک تو وہ مجنب کا حکم نہیں رکھتا اور اگر استبرا نہ کرے اور کوئی رطوبت اس سے خارج ہو اور احتمال دے کہ منی ہے تو وہ مجنب کا حکم رکھتا ہے۔

مسئلہ 85: اگر کوئی مرد شک کرے کہ پیشاب سے استبرا کیا ہے یا نہیں اور اس کے پیشاب کے مخرج سے کوئی رطوبت خارج ہو جس بارے میں وہ نہ جانتا ہو کہ پاک ہے یا نجس تو وہ نجس ہے، اور اگر وضو کیا ہو تو باطل ہو جائےگا لیکن اگر اسے اس بارے میں شک ہو کہ جو استبرا اس نے کیا تھا وہ صحیح تھا یا نہیں اور اس دوران رطوبت خارج ہو اور نہ جانتا ہو کہ پاک ہے یا نہیں تو وہ رطوبت پاک ہے اور وضو کو بھی باطل نہیں کر ےگی۔

مسئلہ 86: اگر کسی شخص نے پیشاب کا استبرا نہ کیا ہو اور پیشاب کرنے کے بعد کافی وقت گزر جانے کی وجہ سے اسے اطمینان ہو کہ پیشاب نلی میں باقی نہیں ہے اور اس دوران کوئی رطوبت خارج ہو اور اسے شک ہو کہ

پاک ہے یا نہیں تو وہ رطوبت پاک ہے اور وضو کو بھی باطل نہیں کرے گی۔

مسئلہ 87: اگر کوئی شخص پیشاب کے بعد استبرا کرکے وضو کرے اور اس کے بعد کوئی رطوبت خارج ہو جس کے بارے میں وہ جانتا ہے کہ یا پیشاب ہے یا منی تو اس پر واجب ہے کہ نماز اور ان کاموں کے لیے جس میں وضو لازم ہے احتیاطاً غسل کرے اور وضو بھی کرے لیکن اگر وضو نہ کیا ہو تو صرف وضو کر لینا کافی ہے۔

مسئلہ 88: عورت کے لیے پیشاب یا منی سے استبرا نہیں ہے، پس اگر کوئی رطوبت خارج ہو اور شک ہو کہ یہ پیشاب ہے یا نہیں یا شک کرے کہ منی ہے یانہیں تو وہ رطوبت پاک ہے اور اس کے وضو اور غسل کو بھی باطل نہیں کرے گی۔